قیمت ۶ر

سنجوگ

ایک تعلیم یافتہ سلیقہ شعار مگر کرموں جلی اور نصیبوں جلی لڑکی کی داستان جس کا نکاح والدین نے سوچ سمجھ کر کیا اور جس کی طبیعتوں کا اندازہ نہ لگایا۔ بلکہ دولت و ثروت کی خاطر اپنے بنگے کے ٹکڑے کو [illegible] دی سے ذبح کر دیا اس لڑکی کو سسرال میں کیا کیا تکلیفیں پہنچیں شوہر کے ہاتھوں کیا کیا اذیتیں برداشت کیں۔ سوسائٹی کی پابندیوں اور زیادتیوں کو کس طرح سہتی رہی اور آخر کس طرح دنیا سے گئی۔ یہ واقعات معلوم ہو کر بے اختیار آنسو نکل پڑتے ہیں۔

قیمت ۱۰ر

سوکن کا جلاپا

[illegible] امراد محمود کا فسانہ غم ایک بیگناہ لڑکی پر ساس نے سوکن لا بٹھائی۔ غم نصیب مصیبت زدہ لڑکی نے اں باپ کی لاج رکھنے کے لیے ساس کی زیادتیاں سوکن کے ظلم غرض سب کچھ نہیں سہیں [illegible] برداشت کیں۔ یہاں تک کہ ان غموں میں گھل گھل کر جان دیدی [illegible] سوز و گداز میں ڈوبا ہوا مصورِ غم کا بہت مشہور و مقبول افسانہ ہے۔

قیمت ۵ر

لڑکیوں کی انشاء

خط و کتابت سکھانے کی، روزمرہ زبان میں بہترین کتاب جس میں خطوں کے ذریعہ لڑکیوں کو بتایا گیا ہے کہ میکہ کی زندگی انہیں کس طرح کرنی ہے اور سسرال میں جاکر ان کی ذمہ داریاں کیا ہیں۔ ایک بیوی کی حیثیت سے انہیں کیا کیا فرائض انجام دینے ہیں۔ ازدواجی زندگی کی رشتہ [illegible] منزلوں اور کٹھن راستوں کو وہ کس طرح کامیابی کے ساتھ طے کر سکتی ہیں۔ اس میں [illegible] خطوط ہیں [illegible] عمومی خطوط نہیں حیات انسانی کے رموز ہیں۔ جن کو پڑھ کر جی چاہتا ہے کہ الفاظ کو ہمیشہ آنکھوں پر رکھ لیجیے۔ زبان ایسی سادہ کہ [illegible] کی [illegible] کتاب اس کا مقابلہ کر سکے۔ [illegible] کے قریب۔

قیمت ۱۲ر

ماہِ عجم

فاروق اعظم رض کے عہد میں [illegible] پر قابو پاکر [illegible] نئے مسلمانوں نے جس جس کارنامے [illegible] ایران سرفروشانہ ذہنی جوش ایمان کا پروانہ وار [illegible] پر قربان ہونا اسلام اور شرافت کی [illegible] کفر و ایمان کے [illegible] اولی کے مسلمانوں کی دلاوری اور جانبازی [illegible] لطیفہ کی حقیقت طرازیاں۔ مسترقی [illegible] جتا بت [illegible] کمزوری [illegible] لگائیں۔

قیمت ۸ر

قطراتِ اشک

آنسوؤں کے بادشاہ حضرت علامہ راشد الخیری مرحوم کی افسانہ نگاری کے دور اول کے بہترین نمونے وہ مضامین جو مخزن، عصمت، تمدن، کہکشاں وغیرہ میں شائع ہو کر شہرت دوام حاصل کر چکے ہیں۔ ردیلے مقصود۔ بدنصیب کا لال۔ مار الغرور۔ ساری کی تارک الوطنی۔ عصمت و حسن۔ ساون کی چڑیاں۔ مظلوم کی فریاد۔ نند کا خط چاند نی [illegible] کا جنازہ۔ جھوٹے کی یاد وغیرہ وغیرہ وہ مضامین اور افسانے ہیں جنہوں نے پڑھنے والوں کو جادو نگار مصنف کی تحریر کا قائل کیا تھا۔

قیمت ۱۲ر

شاہین و درّاج

حضرت علامہ مرحوم کا وہ معرکۃ الآرا تاریخی ناول جس نے مصنف کی سحر نگاری کا بڑے بڑے ادیبوں کو قائل کر دیا تھا۔ اس میں محبت کے جذبات لطیفہ کو نہایت لطف اور رنگینی سے بیان کیا گیا ہے بہ لحاظ زور قلم اور جذبات نگاری اور ناولوں میں یہ قصہ بہت نمایاں درجہ رکھتا ہے۔ شاہین و درّاج مصورِ غم رحمۃ اللہ علیہ کی بہت مشہور ٹریجڈی ہے۔ دلچسپی کی یہ کیفیت ہے کہ شروع کرنے کے بعد ختم کیے بغیر کتاب چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ کئی بار شائع ہو چکا ہے۔

قیمت ۸ر

ملنے کا پتہ عصمت بک ڈپو۔ دہلی

عصمت بک ڈپو کی چند مشہور و مقبول کتابیں

نام کتاب	مختصر کیفیت	قیمت
زچہ خانہ	ہندوستان کی کسی زبان میں اس موضوع پر اس قدر مکمل مفصل اور مدلل اور اس قدر کارآمد و مفید اور عام فہم کتاب شائع نہیں ہوئی۔ کپتان ڈاکٹر نصیر الدین احمد میڈیکل افسر کا غیر فانی کارنامہ ہے۔ حاملہ اور زچہ دونوں حصوں میں زیر نظر مدت کر کے تصویریں دیکھی ہیں۔ قیمت دونوں حصے ساڑھے تین روپیہ	۳ للعہ
صنعت و حرفت	سینکڑوں قسم کی چیزیں گھر پر تیار کر کے مالی پریشانیاں دور کرنے کے بنیں بہا نسخے مسٹر رحیم چیف کیمسٹ کی اہلیہ محترمہ نے تجربہ کے بعد لکھے ہیں۔	۱۱؍
مشرقی مغربی کھانے	عصمتی دسترخوان کا دوسرا حصہ مغربی اور ایشیائی کھانوں کی صحیح ترکیبیں جو تجربہ کے بعد لکھی گئی ہیں بہت سوں کے نہایت کارآمد مضامین بھی ہیں۔ دوسرا ایڈیشن۔	۱۱؍
سنگھار خانہ	خوبصورتی اور تندرستی کی قابل قدر کتاب جسم کے ہر حصہ کو خوشنما بنانے جوانی قائم رکھنے کی ہدایتیں سنگھاری اشیاء کے استعمال کے صحیح طریقے اور روغن سازی۔ بار دوم	۱؍
خانہ داری کے تجربات	ذاتی تجربوں کی بناء پر خانہ داری کے متعلق بے بہا مضامین۔ جو نامور مضمون نگار محترمہ والیقیس بیگم نے لکھے ہیں۔ چھوٹی لڑکیاں مطالعہ کریں تو سگھڑ بن جائیں۔	۱۲؍
مفید النسواں	خانہ داری کے تجربوں کا دوسرا حصہ تندرستی۔ تیمارداری کے متعلق ذاتی تجربوں کی بناء پر نہایت مفید اور کارآمد مضامین۔	۸؍
تندرستی اور نعمت	عصمت کی مشہور نامہ نگار محترمہ زہرا فیضی کے یورپ امریکہ کے تجربات صحت قائم رکھنے کے متعلق قیمتی مشورے تندرستی کے اصول۔	۱۴؍
بچوں کی تربیت	سائنس اور حفظان صحت کے اصول پر بچوں کی پرورش اور ان کی تربیت کس طرح کی جائے اپنے موضوع پر بہترین کتاب ہے۔	۱۰؍
خواتین اندلس	مسلمانوں کے زمانہ کے اسپین میں بڑی بڑی شاعرہ ادیب مصورہ۔ بذلہ سنج لطیفہ گو۔ مدبر خواتین گذری ہیں ان کا تذکرہ ہے تاریخ میں افسانہ کا لطف۔	۶؍
انوری بیگم	اردو کی بہت مشہور افسانہ نگار مسز عبد القادر جنگ مرحومہ کا مشہور اور مقبول افسانہ جس میں تمدنی خرابیوں اور رسوم کی پابندیوں کے نقصانات دکھائے ہیں	۱؍
دولت پر قربانیاں	دولت کے لالچ میں سوکن پر بیٹی بیاہنے اور ناموزوں لڑکے لڑکی کی شادی کر دینے کے دردناک نتائج یا عبرت ناک سبق آموز افسانے	۸؍
غیرت کی پتلی	مختلف الخیال عورتوں کے حالات اولوالعزمی اور ہمت سے کس طرح بگڑا ہوا گھر بن سکتا ہے اس موضوع پر محترمہ فاطمہ بیگم منشی فاضل کی تصنیف۔	۶؍
چار رُخ	چار عورتوں کی آپ بیتی مغربی تمدن کی اندھا دھند تقلید عیسائی مشنریوں کی صحبت رواج کی پابندیوں کے دردانگیز نتیجے دکھائے گئے ہیں۔	۱۴؍
شہید وفا	امۃ الوحی صاحبہ مشہور نامہ نگار ہیں، یہ کتاب انہیں کے ونتیجہ مز دلاویز دلچسپ افسانوں کا مجموعہ ہے۔ سب افسانے کامیاب اور بہت اچھے ہیں۔	عہ
تاریخی لطیفے	دنیا کی نامور شہزادیوں۔ بادشاہوں۔ شاعروں اور ادیبوں کے لطیفے جن میں تہذیب سے گرا لغویات خرافات سے لتھڑا ہوا کوئی لطیفہ نہیں	۸؍
ہنسی کی باتیں	عامیانہ بازاری لطیفے نہیں۔ عصمتی بہنوں کے لکھے ہوئے نئے نئے پُرلطف اور سنجیدہ لطیفے۔ مہذب ظرافت کی دلپسند کتاب	۸؍
عقل کی باتیں	بڑے بڑے پیغمبروں۔ بادشاہوں۔ مصنفوں۔ فلاسفروں کے وہ مقولے جو برسوں کے تجربوں پر مبنی ہیں جن میں زندگی کی مشکلات کا حل ہے۔	۸؍
پردہ و تعلیم	مسلمان عورتوں کا تمام مذاہب کی عورتوں سے مقابلہ، مسلمان عورتوں کے حقوق تعلیم کی طرف سے غفلت کے نتائج پردہ پر معقول بحث۔	۱۲؍
آئینہ جمال	بلقیس جہاں صاحبہ کی چالیس نظموں کا مجموعہ اسلام کے دورِ اولین کی سبق آموز تاریخی کہانیاں اور مناظر قدرت کی مصوری ہندوستان کی نامور شاعرہ کی بہترین نظمیں ہیں۔	۱۲؍
شمع خاموش	خواتین کی محبوب شاعرہ منجھو بیگم لکھنوی کی وہ دردانگیز نظمیں جو ہندوستانی عورتوں کی مظلومیت کا صحیح فوٹو ہیں شروع میں مولانا راشد الخیری ایڈیٹر عصمت کا دیباچہ ہے۔	۶؍
نغماتِ موت	محترمہ حجاب اسمٰعیل کے دردانگیز مضامین جو انہوں نے اپنی والدہ مرحومہ کی یاد میں لکھے اور جو اردو رسالوں میں شائع ہو کر مقبول ہو چکے ہیں۔	۶؍
ادب زریں	محترمہ حجاب اسمٰعیل کے دردانگیز مضامین کا مجموعہ مصنفہ کے بلند تخیل کی رنگینی جذبات کی ترجمانی اور شاعری کا بہترین نمونہ	۸؍
آئینہ موٹر	انجن کے ہر پرزہ کے متعلق معلومات کتاب کے مطالعہ سے مالک موٹر خود گاڑی کا نقص دور کر سکتا ہے۔ اردو میں اپنے موضوع پر بہترین کتاب	عہ ۸؍
جاں باز	محترمہ نذر سجاد حیدر کا بہترین افسانہ جس کے پلاٹ کی دلچسپی کتاب کو ختم کرنے پر مجبور کرتی ہے۔	۱۲؍
فیروزہ	ایک دولتمند مگر یتیم لڑکی کا افسانۂ غم۔ شرافت اور انسانیت کی دل ہلا دینے والی قربانیاں استقلال اور ہمت کی ناکامیوں پر فتح	۸؍

ملنے کا پتہ **عصمت بک ڈپو دہلی**

عصمت بک ڈپو کی چند مشہور و مقبول کتابیں

نام کتاب	مختصر کیفیت
افسانۂ حرم	لڑکیوں کے لیے ایک فاضل جرنلسٹ نے نہایت آسان زبان میں اخلاق آموز مفید دس کہانیاں لکھی ہیں۔
مزیدار کہانیاں	چھوٹے بچوں کے لئے انہیں کی زبان میں نہایت دلچسپ کہانیاں جن کی تصویریں بھی دیکھ کر بچے خوش ہوں گے۔ از سید ابو تمیم صاحب
مختصر دنیا	ایک انگریز سیاح بالشتیوں کی دنیا میں چلا گیا۔ بالشتئے اسے دیو سمجھتے تھے۔ سیاح درجنوں بالشتیوں کو جیب میں ڈال لیتا تھا بہت مزیدار ہے
بچوں کی دنیا	ملک روس کے سب سے بڑے مصنف ٹالسٹائی نے بچوں کے لیے جو کہانیاں لکھی تھیں ان کا انتخاب۔ ترجمہ بہت آسان زبان میں ہے۔
جاپانی کہانیاں	جاپانی بچوں کی بہترین کہانیاں۔ نہایت آسان عام فہم اردو میں محترمہ مسز نفضل نے لکھی ہیں۔ ہر کہانی کے ساتھ تصاویر بھی ہیں۔
دامن باغبان	مشہور افسانہ نگار ڈاکٹر سعید احمد بریلوی کے سبق آموز دلچسپ اخلاقی افسانوں کا دلآویز مجموعہ
عصمتی دسترخوان	(از محترمہ آمنہ نازلی) کھانے پکانے کے متعلق ہندوستان کی بہترین کتاب جس کی تیاری میں ۸۰ عصمتی بہنوں نے حصہ لیا جس کی تمام ترکیبیں تجربہ کے بعد لکھی گئی ہیں ۸ دفعہ چھپی ہے قیمت حصہ اول دو روپے۔ حصہ دوم دو روپیہ۔ دونوں حصے
مشرقی مغربی کھانے	(از محترمہ آمنہ نازلی) عصمتی دسترخوان کا دوسرا حصہ کھانوں کی ترکیبیں سب تجربوں کے بعد لکھی گئی ہیں۔ سو صفحوں کے مضامین بھی کھانے پکانے کے متعلق ہیں
ناشتہ	(از محترمہ آمنہ نازلی) دوپہر و رات کے کھانے سے قبل صبح اور سہ پہر ہندوستان کے مختلف صوبوں میں جن چیزوں کا ناشتہ کیا جاتا ہے ان کی صحیح ترکیبیں۔
عصمتی ہنڈکلیا	(از محترمہ آمنہ نازلی) چھوٹی بچیوں کے کھانے پکانے کی سب سے اچھی کتاب مضامین بہت مفید ہیں۔ بار سوم
بچوں کے کھانے	(از محترمہ آمنہ نازلی) اصول صحت سے بچوں کو کس قسم کی غذا دینی چاہئے۔ بتا کر صحت بخش اور معمولی غذائیں تبدیل کرنے کی صحیح ترکیبیں درج کی گئی ہیں۔
بیماروں کے کھانے	(از محترمہ آمنہ نازلی) نامور ڈاکٹروں، اور تجربہ کار تندرست و عمر رسیدہ خاتونوں سے مریضوں کے لیے بہترین کھانے لکھے ہیں
مذاقیہ کھانے	(از محترمہ آمنہ نازلی) دولہا بھائی سے، سمدھن سے سہیلیوں سے مہذب اور شائستہ مذاق کرنے کی پسندیدہ کتاب بار دوم۔
عصمتی کشیدہ	کشیدہ کاری کی پسندیدہ کتاب جس میں کاڑھنے کے لئے عمدہ عمدہ نمونے دیئے گئے ہیں۔ بار چہارم۔
گلزار درخشاں	(از محترمہ ... درخشاں) مختلف وضع کی کڑھت کے لیے نئی کسی قسم کے خوبصورت نمونے مع ضروری ہدایات۔
گلدستۂ کشیدہ	(از محترمہ خدیجہ فاطمہ) کشیدہ کاری کی سب سے اچھی کتاب جس میں ہر قسم کے نمونے بہتر سے بہتر دیئے گئے ہیں۔
چمنستان خیاطی	کپڑوں کی کٹائی سلائی کے متعلق کارآمد ہدایات اور عمدہ عمدہ نمونے (از محترمہ فاطمہ بیگم منشی فاضل) بار دوم۔
گلستان خیاطی	چمنستان خیاطی کا دوسرا حصہ جس میں مفید مضامین کارآمد ہدایتیں اور نئی نئی طرز کے اعلیٰ درجہ کے نمونے ہیں۔
عصمتی کروشیا	(از محترمہ فاطمہ ... صاحبہ) فن کروشیا کے متعلق مشہور کتاب جس میں بہترین نمونے دیئے گئے ہیں۔ بار سوم
کراس اسٹچ ورک	اپنے موضوع پر اردو میں پہلی کتاب جس کی دھوم مچ گئی مرتبہ محترمہ خدیجہ فاطمہ رکن ادارت جوہر نسواں دہلی
موتیوں کا کام	۲۷ عصمتی بہنوں نے یہ کتاب تیار کی ہے۔ ہندوستان بھر میں موتیوں کے کام کے متعلق ایسی مفید کتاب نہیں چھپی۔ بار دوم
سلمہ ستارہ کا کام	محترمہ خدیجہ بائی مرحومہ ہندوستان کی مایہ ناز دستکار خاتون کی تالیف ہے۔ دوسری دفعہ چھپی ہے۔
تارکشی کا کام	کپڑوں سے دھاگہ نکالنے کے کام پر سب سے پہلی کتاب اردو زبان میں بار دوم۔
گلدستہ تارکشی	محترمات سیدہ اشرف اور سنجیدہ اشرف جیسی نامور دستکار خواتین نے مرتب کی ہے۔ بہت خوبصورت ہے۔
اونی کام سلائیوں سے	فن نٹنگ پر قابل قدر کتاب جس میں دنیا کے متعلق عام فہم ہدایتیں اور لیتھو بلاک کے بہت سے نمونے ہیں۔
جالی کا کام	ہندوستان کی قدیم زنانہ صنعت پر سب سے پہلی کتاب جس میں لیتھو اور بلاک کے بہت سے نمونے ہیں۔
شمیم سوزن کاری	ایک چمنستان پر بہار ہے جس میں مختلف قسم کی مختلف قسم کی زنانہ دستکاریوں کے گلہائے رنگا رنگ کھل رہے ہیں۔
خواتین کی دستکاریاں	کم استطاعت نادار غریب عورتوں کو بتایا گیا ہے کہ وہ کیا کیا کام کرکے مالی مشکلات دور کر سکتی ہیں۔

ملنے کا پتہ:۔ **عصمت بک ڈپو دہلی**

وداع راشد

حیات راشد کا آخری باب ازرازق الخیری

حضرت علامہ راشد الخیری علیہ الرحمۃ کی علالت اور وفات کے حالات، ذاتی اوصاف اور مختلف انسانی حیثیتوں کا تذکرہ۔

مولانا رازق الخیری نے اپنے عظیم المرتبت والد کا اچھوتا طرز تحریر گویا ورثہ میں پایا ہے جملہ حالات اس قدر مفصل موثر لکھے ہیں کہ پڑھنے والوں کی آنکھوں کے آگے سینما کے فلم کی طرح نظر آنے لگتے ہیں حزن نگاری کے بادشاہ کے آخری وقت کا بیان نہایت ہی رقت انگیز ہے

ساقی دہلی

رازق الخیری صاحب نے دلی کی صاف ستھری اور آسان زبان میں سچے پاکیزہ جذبات کی دردناک تصویر کھینچکر رکھدی ہے واقعات کو اس دلدوز اور موثر انداز میں بیان کیا ہے کہ بے اختیار آنکھوں سے آنسو نکل آتے ہیں

شاہکار لاہور

اس کتاب میں اس زبردست شخصیت کی زندگی کے آخری دنوں کا المناک افسانہ ہے جس نے ہندوستان کی مسلمان عورت اور اردو زبان کے سلسلے میں ایسا قابل قدر کام کیا ہے جس کی مثال ہمیں مشکل ہی سے مل سکیگی۔ بلکہ نہیں مل سکے گی کیونکہ اگرچہ اردو زبان کے متعلق تو اس جامع ستا کے کارنامے بہتوں کی نظر میں ہیں لیکن مسلمان عورت کی ترقی اور بہبود کے لئے اس نے جو کچھ کیا وہ ابھی مکمل طور پر لوگوں کو نہیں معلوم ہے یہ کام اس شخصیت کی زندگی میں ایک علیحدہ باب کی حیثیت رکھتا ہے۔ جس پر امید ہے کہ ہندوستان کی تاریخ نسواں کا مؤلف کما حقہٗ توجہ کرے گا۔ موجودہ کتاب انداز بیان کے لحاظ سے علامہ راشد الخیری مرحوم کے دردناک طرز تحریر کا ایک کامیاب نمونہ ہے۔ اور اس میں جس سادگی سے جناب مولف الخیری نے اس عظیم شخصیت کے آخری لمحوں کے بیان کے ساتھ ساتھ گھریلو زندگی کا دلکش اور قابل رشک نقشہ کھینچا ہے وہ بھی کچھ کم قابل توجہ نہیں ہے۔ رازق صاحب کو معلوم ہوتا ہے کہ اثر ورتنے میں ملا ہے اور جگہ جگہ بعض روزمرہ زندگی کے شگفتہ واقعات کے بیان نے اس اثر میں اصل تصویر سے تضاد کی وجہ سے اور بھی شدت پیدا کردی ہے۔

ہندوستان کی جنیاں عورتیں ذہنی طور پر علامہ مرحوم کی تحریروں کی پروردہ ہیں ان کے لئے یہ دلکش لیکن المناک بیان خصوصاً مرغوب طبع ہوگا۔ کیونکہ ایک ایسے شخص کے حالات کے مطالعہ سے ایک طرح کی تسکین پیدا ہوتی ہے جس کا اس دنیا سے اٹھ جانا اس وسعت کے ساتھ اثرانداز ہوا ہو جیساکہ اردو زبان میں طبقۂ نسواں کے سب سے بڑے مصنف کا سانحہ انتقال ہے۔ اس کتاب کو پڑھنے کے بعد ملال میں ایک ہلکی سی مسرت بھی پیدا ہوتی ہے کہ سوانح نگاری کا یہ ضروری کام علامہ مرحوم ہی کے ایک لائق بیٹے کے ہاتھوں تکمیل پایا

ادبی دنیا

۸۰ صفحات ۲ فوٹو قیمت ۸ر

حلیمہ ایک سگھڑ سلیقہ شعار سمجھدار اور نیک لڑکی کے حالات زندگی جس نے برے گھر کو بنا ڈالا انتہا دلچسپ بھی ہے اور سبق آموز بھی از جناب مولوی عبدالخالق الخیری دوسری دفعہ چھپا ہے

قیمت ۴ر

عصمت کی کہانی

از رازق الخیری

حضرت علامہ راشد الخیری رحمۃ اللہ علیہ کے زیرسایہ ہندوستان کے مشہور و معروف زنانہ ماہنامہ عصمت نے ۲۸ سال ۱۹۰۸ء تا ۱۹۳۵ء کس طرح گذارے۔ بیچ میں افسانہ کا لطف

ادبی دنیا کی رائے:- بظاہر یہ مختصر سی کتاب ملک کے مشہور زنانہ ماہنامہ عصمت کی تاریخ ہے۔ لیکن اس حکایت کے بیان کے ساتھ ہی ساتھ ہمارے ادب کے ایک ماحول کی دلچسپ کہانی بھی ہمارے پیش نظر ہو جاتی ہے۔ یہ وہ ادبی ماحول ہے جو عصمت کے اجرا سے کر اب تک اس قابل قدر ماہنامے کے کارکنوں کے ارد گرد قائم رہا۔ گذشتہ چند مہینوں میں ملک کے ایک دو اور ادبی اداروں نے بھی اسی طرح اپنی تاریخ کتابی صورت میں شائع کی ہے لیکن زیرنظر تاریخ میں ایک منزلہ دلکشی یہی ہے کہ یہ اس ادارے کی تاریخ ہے جس کا قیام اور جس کی ترقی اردو کے ایک زندہ جاوید فرد علامہ راشد الخیری مرحوم کی ان تھک کوششوں کا نتیجہ تھی اور اس لئے اس سے جہاں ادارۂ عصمت کی کارگذاریوں پر روشنی پڑتی ہے وہاں علامہ مرحوم کے حالات بھی معلوم ہوتے ہیں۔

دین و دنیا کی رائے:- مولانا رازق الخیری ہندوستان کے پہلے مدیر اہل قلم ہیں جنھوں نے اس چیز کی کوشش کی کہ ہندوستان کو اپنے مشہور نسوانی رسالہ عصمت کی تاریخ سے باخبر کردیں۔

ہندوستان میں کسی اخبار یا رسالہ کا جاری کرنا اور پھر اسے دم رکھنا اور چلانا اتنا دشوار کام ہے جس کا عام لوگ تصور بھی نہیں کر سکتے۔ مولانا رازق الخیری نے رسالہ عصمت کی ۲۸ سالہ زندگی پر روشنی ڈال کر یہ بتادیا ہے کہ علمی اداروں سے ہندوستان کی سرزمین کس قدر غیر موزوں ہے۔

عصمت کی کہانی پڑھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس مشہور رسالہ کو زندہ رکھنے کے لئے مولانا راشد الخیری مرحوم نے کیسی کیسی تکلیفیں برداشت کیں لیکن اس کے باوجود آپ اردو لٹریچر اور عورتوں کے مظلوم طبقہ کی خدمت کرتے رہے۔ کاغذ اور کتابت و طباعت نہایت اعلیٰ

۹۰ صفحات ۲ فوٹو قیمت ۸ر

اچھوتا سفر سابق مہاراجہ صاحب جے پور دربار تاجپوشی میں شرکت کے لئے انگلستان گئے تھے ان کے سفر کے حالات صاحبزادہ ولی احمد خاں صاحب ایم۔ اے نے لکھے ہیں۔ اور یہ اس قدر دلچسپ ہیں کہ آپ خراج تحسین دینے پر مجبور ہو جائیں گے۔ مہاراجہ صاحب کے لئے ہاتھ دھونے کی مٹی اور پانی اور اناج تک ہندوستان سے جاتا تھا۔ ایسا لاجواب اور اچھوتا سفرنامہ آپنے کبھی پڑھا یا سنا نہ ہوگا۔

قیمت ۵ر

مثنوی عائشہ صدیقہؓ سرور کائنات سرکار دو عالم کی بیوی اور مسلمانوں کی ماں حضرت عائشہ صدیقہؓ کے منظوم حالات زندگی از جناب وقار دہلوی۔ ہر مسلمان مرد و عورت کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔

قیمت ۱۲ر

ملنے کا پتہ:- **عصمت بکڈپو دہلی**

کراس اسٹچ ورک ترکیب صفحہ ۳۷ پر دیکھیے

کروشیا کی لیس ترکیب صفحہ ۳۷ پر دیکھئے

Estd. 1934
جملہ حقوق محفوظ
جوہر نسواں
دہلی
جلد ۱۵ نمبر ۳
دسمبر
۱۹۳۱ء
مالک پرنٹر پبلشر
رازق الخیری
ایڈیٹر عصمت
قیمت ۴ر
فی پرچہ چار آنے
چندہ سالانہ
تین روپیہ
آمنہ نازلی
مؤلفہ
موتیوں کا کام

جوہر نسواں ہر انگریزی مہینہ کی ۱۰ تاریخ کو شائع ہوتا ہے

سالانہ چندہ پیشگی
بذریعہ وی پی
مع خاص نمبر ۳؎
بغیر خاص نمبر ۲؎ ۸؍

جوہر نسواں دہلی

آٹھواں سال | فہرست بابت ماہ دسمبر ۱۹۴۱ء | جلد ۱۵ نمبر ۴

(باہتمام رازق الخیری پرنٹر و پبلشر محبوب المطابع برقی پریس میں چھپکر دفتر عصمت سے شائع ہوا)

آپ اور ہم

نومبر کے پرچہ سے آپ کو معلوم ہوا ہوگا کہ یہی نہیں کہ کاغذ کی قیمت چوگنی اور پچگنی ہوگئی بلکہ کاغذ سرے سے مل ہی نہیں رہا۔ بہزار دقت اور پریشانی ملتا بھی ہے تو کئی کئی روز بعد دو دو چار چار رِم کر کے مجبوراً ۱۸ صفحے ماہ گذشتہ سے مضمونوں اور نمونوں کے کم کئے گئے ہیں مگر اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ نمونے اب تعداد میں کم یا چھوٹے چھوٹے شائع ہو رہے ہیں۔ گو ہمیں انکے درج کرنے اور مصور کو سمجھانے میں بہت وقت صرف کرنا پڑتا اور کافی دقت ہوتی ہے تاہم جتنے نمونے پہلے دئے جاتے تھے اب بھی قریب قریب اتنے ہی نمونے پیش کئے جا رہے ہیں۔ یہ صفحوں کی کمی مجبوری کی وجہ سے کی گئی ہے مگر نمونوں کی قسموں اور تعداد پر اس کا کوئی اثر نہیں پڑا۔ دستکاری کے مضامین کی جو کمی اب ہے وہ پہلے بھی تھی۔ مضامین آتے کافی ہیں مگر اچھے نہیں ہوتے اور معمولی مضامین شائع کر کے جوہرِ نسواں کا معیار ہم گرا نہیں سکتے۔ جوہرِ نسواں کو ایسے مضامین کی ضرورت ہے جو خواتین کے لئے واقعی کار آمد ہوں جن سے پھوہڑ عورتیں بھی سگھڑ اور دستکار بنیں جنکی مدد سے خوشحال بیبیاں سلیقہ شعار اور ہنرمند ہوں جنکی بدولت غریب بہنیں اپنی مالی دقتوں کو دور کر سکیں۔ دستکار بہنیں ایسے مفید مضامین بھیجکر جوہرِ نسواں کی دلچسپی بڑھا سکتی اور اپنی ہزاروں بہنوں کی مدد کر سکتی ہیں۔ نمونوں کے ساتھ صرف ضروری ہدایات ہونی چاہئیں مگر بعض بہنیں غیر ضروری تمہیدکی سطریں کی سطریں گھسیٹ دیتی ہیں اور ہمارا کافی وقت عبارت کی ترمیم میں ضائع ہو جاتا ہے۔ دستکار خواتین نمونوں کے ساتھ صرف ضروری ترکیب یا ہدایات لکھیں وہ بھی کم سے کم لفظوں میں۔ غیر متعلق کوئی بات نہ لکھنی چاہئے۔ مارچ ۱۹۴۲ء کے خاص نمبر کا اعلان نومبر کے پرچہ میں کیا جائے گا۔

رازق الخیری

ضروری ہدایتیں

خیاطی:۔ یہ فراک تین حصّوں میں قطع کی گئی ہے۔ باڈی۔ گھیر اور آستین۔ ٹھنڈے کپڑے کے لئے نصف آستین مناسب ہے۔ اگر مخمل یا ویلوٹین یا ملبنہ وغیرہ کی بنائیں تو پوری آستین لیجئے۔ گریبان اندرونی ہے۔ لٹھے یا کپڑے کے مطابق رنگ کے کپڑے کا تراش لیجئے مطابق نقشہ اور اندر کی طرف لگا کر اوپر سے بخیہ کر لیجئے۔

گریبان

بعد تیاری اس کپڑے کے بٹن بنا کر ٹانک دیجئے جو نقشہ فراک سے نمایاں ہیں۔ اگر آدھی آستین لگائیں تو لٹھا آستین سے دو حصہ زیادہ چوڑا رکھیں یعنی لمبائی ایک بالشت چوڑائی تین بالشت۔ اب کنارہ کو جانب اندر موڑ کر سوئی میں لمبا تاگہ پرو کر ایسے تیچی بھرئے اور تاگہ اس قدر کھینچ لیجئے کہ آستین بازو پر فٹ رہے اس کی شکل چنٹ کے بعد ایسی ہوگی اب اوپر کی طرف پلیٹیں ڈال کر کندھے میں سی لیجئے۔

ملاحظہ ہو فراک کا مکمل نقشہ ۱۹۳ ۱۹۲ ۱۹۱

کشیدہ کاری :-

مرکز:- یہ دونوں خاکے درمیانی ہیں۔ میز پوش کُشن یا اور ایسی ہی چیزوں پر بنائیے۔ پتیاں سبز اور پھول حسب پسند رنگوں سے کاڑھیے۔ کلیاں پھولوں کے ہم رنگ ہوں اور ذرا شوخ۔ کلی کی پینیدی سبز۔ دونوں نقشے بہت خوبصورت اور آرٹ کا اچھا نمونہ ہیں۔

اپلیک ورک :-

کونہ:- اس قسم کے کام کا آج کل بہت رواج ہے یہ کام کپڑوں کے ٹکڑوں سے کیا جاتا ہے۔ اس کو اپلیک ورک کہتے ہیں۔ کڑھت کی نسبت آسان ہے اور بہت جلد بن جاتا ہے۔ رنگین اور سفید دونوں قسم کے کپڑوں پر اچھا معلوم ہوتا ہے۔ پھول پتوں کے کپڑے پختہ رنگ کے ہونے ضروری نہیں۔ یہ کونہ ٹیبل کور کے چاروں کونوں پر بنائیے۔ اس طرح کہ اوّل نقشہ ٹریس کیجیے پھر نقشہ کے مطابق کاغذ کے پھول پتے کاٹ لیجیے اور کاغذ کے پھول پتوں کے برابر کپڑے کے کاٹئے۔ فرض کیجیے سفید لٹھے کا ٹیبل کور ہے تو سبز پتہ کاٹیے اور عنابی رنگ کے پھول کاٹیے۔ پتہ کو نشان پتہ پر رکھ کر اطراف سے قدرے موڑ موڑ کر باریک سفید تاگے سے تیپچی بھر دیجیے۔ ایسے ہی پھول ٹانک لیجیے۔ اب پتے کے اطراف سبز ڈی ایم سی کے باریک تاگوں سے ٹبن ہول اسٹیچ کیجیے ایسے ہی پھول بنائیے۔ ملاحظہ ہو پتہ۔ اب پتے کی نسیں بلدار کڑھت سے بہت صفائی سے کاڑھ دیجیے۔ پھول کی نسیں بھی اسی کڑھت سے کڑھیں گی۔ اندر زیرہ فرنچ ناٹ سے کاکریزی بنائیے۔

ٹبن ہول کیا ہوا حصہ
لنگر ڈالا ہوا حصہ
بلدار کڑھت

رہیں ڈنڈیاں یہ سب سبز رنگ کی ڈی ایم سی سے ٹبن ہول اسٹیچ سے بنائیے۔ اگر سفید یا رنگین ٹیبل کور و دیگر اشیاء پر یک رنگ کپڑے سے گل و برگ خصوصاً بیلیں و کونے بنائے جائیں تو بھی بے حد خوشنما معلوم ہوتے ہیں۔ سفید کور پر نیلے سوتی پکے رنگ کے کپڑے سے بھی کونہ بنائیے اور لمبان چوڑان میں جو جگہ فاضل ہے اس پر ایسا نقشہ بنا لیجیے۔ پتے تو نیلے کپڑے سے بنائیے بقیہ کل حصہ کے لئے نیلے کپڑے کی پٹی کاٹ کر اوّل لنگر ڈالئے اور بعدہٗ دور دور ٹبن ہول سے ٹانک لیجیے۔

غدیرہ فاطمہ

خیاطی

گرم فراک

اوپر کا حصّہ سرخ اور نیچے کا حصّہ نیلے مرینہ سے بنایا گیا ہے۔ آستین سبز مرینہ کی ہے۔ گھیر اور نیچے کی پٹی کے درمیان تین پوتھ کی سفید سراسری نما بیل ہے۔ کالر و باڈی کے کنگروں پر پیتل کے گول بٹن لگائے آستینوں میں پتلا لاسٹک بخیہ سے سیا گیا ہے۔ کنگورے باڈی میں تراشے گئے ہیں اور گھیر پر ٹانکے گئے ہیں۔

حفیظ بتول۔ بدایوں

فراک

مس حلیم النساء مرزا

جمپر

(نمونہ صفحہ ۵ پر دیکھئے)

لمبان لیکر سفید سلک زیادہ مناسب ہوگی نقشہ نمبر (۱) کے مطابق نشان ڈال کر قطع کریں۔ گھیر کو دو انچ چوڑا موڑ لیں پھر حسب ضرورت لمبا کپڑا لیکر آستین قطع کریں جو اوپر سے چوڑی اور رفتہ رفتہ نیچے سے پتلی ہو۔ جیسا کہ نمبر (۲) سے ظاہر ہے۔ نقشہ نمبر (۳) کالر ہے جس میں چوڑا حصّہ آگے کا ہے اس میں چاروں طرف بٹن لگائے ہیں نمبر (۴) تیار شدہ ہے۔ اگر چنٹ ڈالنی ہو ڈالئے خواہ کسی دوسرے رنگ کی گوٹ لگائیے۔ بٹن کپڑے کے یا بازار سے لیکر لگائیے۔

مقصودہ خاتون ادیب فاضل

بٹن
بٹن
چنٹ
بٹن
گھیر
آستین کی کاٹ (۲)
کالر کی کاٹ
(۳)
گھیر اور چولی ایسے کاٹئے
(۱)

مرکز

باسکٹ
ٹیبل کلاتھ یا تکیہ کے غلاف
پر حسب پسند دھاگوں
سے بنائیے۔
دختر سید معصوم علی
گریبان
بڑا پھول گلابی
چھوٹے پھول - کاسنی
پتیاں - سبز - زیرہ - زرد۔
نور جہاں بیگم۔ بدایوں

بطکی جوڑی

بہ بینزی حسب پسند رنگوں سے شاموز پر کاڑھئے۔ ترکیب نقشہ سے عیاں ہے۔ بناتے وقت صفائی کا خیال رکھیں۔ مکمل ہو جانے پر فریم کرائیے۔

مسز مہ جبین بدرالدین خاں۔ دربھنگہ

اس نقشہ میں فریم کا نصف خاکہ دیا گیا ہے۔ بناتے وقت خیال رکھئے۔ پھول اور پتیاں ـ سلمہ سے بنائیے ڈالیاں ـ کاکڑی (گجائی) سے بنائیے ـ گول نشانات ستاروں سے بنیں گے۔ پھول کے درمیان ستارے یا پوتھ ٹانکئے۔ ربن بھی کاکڑی سے بنائیے ـ

اصغری خاتون۔ بارہ بنکی

سلمہ اور شکوپیس ستاروں کا کام
ٹی کوزی
ڈنڈیاں سلمہ سے
صفدری خاتون

موتیوں کا کام
ہار
سامان:-
رنگین و سفید موتی۔
سنہری پوت
ریل کا دھاگہ زرد رنگ کا
سنہری گجائی
پہلے گز بھر لمبے چھ دھاگے لیں اور بیچوں بیچ چار موتی جڑ دیں پھر اسیقدر
لمبے چھ دھاگے لے کر باقی تین موتی۔ درمیانی موتی کو لے کر اس میں
جما دیں تو یہ تمام موتی پھول کی شکل اختیار کریں گے۔ ان میں
چھ دھاگے نیچے چھوڑ کر چھ دھاگوں میں اوپر کا لیس بنالیں
اور ساتھ ہی پوت والی نچلی لڑیوں کو بھی ملاتی جائیں
جگنو بھی علیحدہ علیحدہ بنا کر ٹانک لیں۔
تمام ہار بن جانے کے بعد ○ ایسے
نشانات پر گجائی سوئی کی مدد سے
ٹانک لیں اور بچے
ہوئے ۴
۴
دھاگوں کو بٹ کر کلابتون
لپیٹ دیں۔
بی بی طاہرہ۔ کولار

تار کشی کا کام
بستر کی چادر کی بیل
اس بیل کو بموجب نقشہ
چادر پر ڈی ایم سی کے
۱۲ نمبر کے دھاگے سے بنائیے
بیگم صفیہ نذیر
جنجوعہ۔ کوئٹہ
ج
B

کراس اسٹچ ورک

مرکز

میز پوش تکیہ غلاف وغیرہ پر بنائیے۔

صابرہ افتخار، ہردوئی

گوٹہ کا کام
کشن کا خاکہ
یہ خاکہ اس طرح ٹریس کریں کہ چاروں طرف بیل اور بیچ میں پھول رہے۔
ڈنڈیاں سنہری قیطون سے بنیں گی۔ پھول پتیاں حسب ناپ گوٹہ سے بنائی جائیں گی۔
مس شمیم حامد چکیہ ریاست بنارس۔
اپلیک ورک
کونہ
یہ کونہ ٹیبل کور
تکیہ کے غلاف
وغیرہ پر بنائیے۔
پھول گلابی — پتے سبز رنگ کی سلک سے بنائیے۔
شفیقہ خاتون میرٹھ

گلہائے مخملی اور سلمہ ستارہ کا کام
باسکٹ
مخمل یا شنائل کے حسب پسند رنگ کے ٹکڑے
لے کر پھولوں کے مطابق کاٹ لیں اور ہم رنگ
سوت سے ٹانکہ دیں پھولوں کے وسط میں
شکولیس ستارہ لگا دیں۔ پتیاں سلمہ کے چھوٹے چھوٹے
ٹکڑے کاٹ کر بنائیے ٥٥ ایسے
نشانوں پر باریک موتی لگائیے۔
باسکٹ شنائل ٹانک
کر بنائیے۔ یو بھی شنائل
سے بنا لیجئے۔
مسعودہ اعظم پنہاں
ربن کا کام
گھیر:۔ پھول پتے ربن کے بنائیے اور شکولیس بھی لگائیے جیسا کہ نقشہ سے
عیاں ہے۔ یہ گھیر جمپر کے کٹے ہوئے گھیر پر بنائیے۔ آر۔ کے درخشاں۔ بجنور

کترنوں کا کام

جوے کا خوان پوش

حسب پسند رنگ کے مخمل کے دو ٹکڑے ہتیلی برابر گول کاٹ کر رکھ لیجئے۔ اب لٹھے کے ننھے ننھے ٹکڑے لے کر اس طرح موڑ کر جوا بنائیے △ جوا بنا کر بھی رکھ لیجئے۔ اب ساٹن اور بوسکی وغیرہ کی ہر رنگ کی دو انگشت چوڑی پٹیاں کاٹئے اس طرح کہ جو مخمل کا گول ٹکڑا ہے اسے گولائی میں ناپ کر اس پٹی کی لمبان رکھئے۔ اب بنانا اس طرح شروع کیجئے کہ جو دو ٹکڑے مخمل کے ہیں ان کے کنارہ کنارہ یہ جوے دونوں پلوں کے درمیان رکھ کر ٹانکئے دیکھئے نقشہ اس طرح۔

جب ہر طرف ٹک جائے تو جو پٹی گولائی سے ناپ رکھی ہے اس کو چوڑان سے دوہری کر کے اس کے بھی درمیان میں رکھ کر پوری پٹی میں جوے ٹانک لیجئے۔ تو اس پٹی کو جوے لگے ہوئے مخمل کے ٹکڑے میں ٹانک دیجئے۔ مگر جس طرف جوا لگا ہے اس طرف سے نہیں بلکہ دوسری طرف سے۔ اب دوسرے رنگ کی پٹی لیجئے اور پہلی پٹی کی طرح جوے لگا کر مخمل میں لگی ہوئی پٹی میں ٹانک دیجئے اسی طرح ہر رنگ کی پٹی میں جوے لگا کر ملاتی جائیے اور جتنا بڑا بنانا منظور ہو بنا کر ختم کر دیجئے اور کنارہ پر موتیوں کی جھالر لگا دیجئے۔

اب ہر پٹی پر جہاں جوے ٹانکنے کی سیون ہے اس پر دھنک (پتلا گوٹہ) ٹانک دیجئے۔ لیجئے خوان پوش تیار ہے دیکھئے خوان پوش کا مکمل نقشہ

عذرا محمد علی
فیض آباد

اونی کام سلائیوں سے

مردانہ سوئیٹر کیلئے ایک خوبصورت نمونہ

(نقشہ بلاک ٹائٹل کے صفحہ آخر پر ملاحظہ فرمائیے)

نمونہ بنانے کے لئے سلائیوں پر انیس ۱۹ خانے ڈالئے۔ جوٹا سے مراد دو ایک ساتھ ہے۔ جالی تاگہ آگے کرکے ایک سیدھا۔

پہلی سلائی:۔ تین خانے الٹے ایک جوٹا پانچ سیدھے ایک جالی دوبارہ ایک جالی دو سیدھے ایک جوٹا آخر کے تین سیدھے۔ دوسری سلائی:۔ تمام اُلٹے خانوں کی بنئے۔

تیسری سلائی:۔ تین الٹے ایک جوٹا چار سیدھے ایک جالی دو سیدھے ایک جالی ایک سیدھا ایک جوٹا آخر کے تین اُلٹے۔ چوتھی تمام الٹی۔

پانچویں سلائی:۔ تین الٹے ایک جوٹا تین سیدھے ایک جالی چار سیدھے ایک جالی ایک جوٹا تین سیدھے۔ چھٹی تمام الٹی۔

ساتویں سلائی:۔ تین الٹے ایک جوٹا دو سیدھے ایک جالی دوبارہ ایک جالی پانچ سیدھے۔ ایک جوٹا تین اُلٹے۔ آٹھویں سلائی تمام الٹی۔

نویں سلائی:۔ تین اُلٹے ایک جوٹا ایک سیدھا ایک جالی۔ دو سیدھے ایک جالی چار سیدھے ایک جوٹا تین اُلٹے۔ دسویں تمام اُلٹی۔

گیارھویں سلائی:۔ تین الٹے ایک جوٹا ایک جالی چار سیدھے ایک جالی تین سیدھے ایک جوٹا تین اُلٹے۔ بارھویں تمام اُلٹی۔

تیرھویں سلائی:۔ تین الٹے ایک جوٹا پانچ سیدھے ایک جالی دوبارہ ایک جالی۔ دو سیدھے ایک جوٹا تین اُلٹے۔ چودھویں سلائی تمام الٹی۔

پندرھویں سلائی:۔ تین اُلٹے ایک جوٹا چار سیدھے ایک جالی دو سیدھے ایک جوٹا۔ تین الٹے۔ سولھویں سلائی اُلٹی۔

سترھویں سلائی:۔ تین الٹے ایک جوٹا تین سیدھے ایک جالی چار سیدھے ایک جالی ایک جوٹا آخر کے تین سیدھے۔ اٹھارھویں سلائی تمام اُلٹی۔

انیسویں سلائی:- تین الٹے ایک جوتا دو سیدھے ایک جالی دو بارہ ایک جالی پانچ سیدھے۔ ایک جوتا تین اُلٹے۔ بیسویں سلائی تمام اُلٹی۔

اکیسویں سلائی:- تین اُلٹے ایک جوتا ایک سیدھا ایک جالی دو سیدھے ایک جالی چار سیدھے ایک جوتا تین اُلٹے۔ اسی طرح تمام سوئیٹر بُنئے یہ بُناوٹ مردانہ سوئیٹروں میں بہت خوبصورت معلوم ہوتی ہے۔ بُنتے وقت خیال رہے کہ سلائیوں پر پورے خانے موجود رہیں۔

سعیدہ انبالوی از شملہ

تتلی نما بناوٹ

(نقشہ بلاک صفحہ آخر پر ملاحظہ فرمائیے)

اشیاء ضروری:- ایک جوڑی سلائی لوہے کی نمبر ۲۔

اون حسب ضرورت سفید دہمین سلائی میں جتنے خانوں کی ضرورت ہو ڈال لیں پھر اس طرح بُننا شروع کریں ۲ سید ۲ اُلٹے ۲ سیدھے ۲ اُلٹے اسی طرح پوری سلائی۔ دوسری سلائی:- سیدھے پر سیدھا اُلٹے پر الٹا۔ تیسری سلائی:- سیدھے پر سیدھا اُلٹے پر الٹا۔ چوتھی سلائی:- سیدھے پر سیدھا الٹے پر الٹا۔

مندرجہ بالا طریقے سے ۲ ½ انچ بُن لیں۔ اس کے بعد اس طرح بُنیں۔ ۵ سیدھے آگے تاگہ کرکے بغیر بُنے ۵ اُتار لیں پھر پہلے والے تاگے کو جس کو چھوڑ دیا تھا ان پانچوں پھندوں کے اوپر لاکر پانچ سیدھے بن لیں اسی طرح پوری سلائی بُن لیں۔ دوسری سلائی الٹی۔ تیسری سلائی: پہلی سلائی کی طرح بُنیں۔ چوتھی سلائی الٹی۔ پانچویں سلائی: پہلی سلائی کی طرح بُنیں۔ چھٹی سلائی اُلٹی۔ ساتویں سلائی: پہلی سلائی کی طرح بُنیں۔ آٹھویں سلائی۔ اُلٹی۔ نویں سلائی: پہلی سلائی کی طرح بُنیں۔ دسویں سلائی الٹی۔ اس طرح ۵ تاگے تلے اوپر آجائیں گے۔ گیارھویں سلائی:- ۲ سیدھے بُن لیں تو تین خانے بیچ جائینگے۔ تو، تمانہ بُننے کے بعد آٹھویں پھندے کو بغیر بُنے داہنے ہاتھ والی سلائی پر اتار لیں اور اس کو پانچوں تاگوں کے نیچے نکال لیں تب اس کو بُنیں پھر ۹ پھندے سیدھے (۲ پانچ پھندوں میں سے بیچ جاتا ہے وہ اور سات پھندے) پھر بیچ والے پھندے کو بغیر بُنے داہنے ہاتھ والی سلائی پر اتار لیں اور اس کو معہ پانچوں تاگوں کے نکال لیں تب بن لیں۔ اسی طرح پوری سلائی بُنی جائے گی بارھویں سلائی الٹی۔ (اب تتلی پڑ گئی۔) تیرھویں سلائی ۵ پھندے بغیر بُنے داہنے ہاتھ والی سلائی پر اتار لیں اور پھر تاگے کو پانچوں پھندوں کے آگے کرکے ۵ سیدھے بُن لیں اسی طرح پوری سلائی بُن لیں۔ چودھویں سلائی اُلٹی پندرھویں تیرھویں سلائی کی طرح بُنیں۔ تیرھویں سلائی کا مطلب ہے کہ

اسٹینسلنگ

گلدستہ

(از انگریزی) مس بشریٰ محمد علی

گلدستہ :-

اسٹینسل پلیٹ تیار کر کے اپنی پسند کے مطابق شیڈ دے کر پینٹ کر لیں۔
لیکن صفائی کا خاص خیال رہے ورنہ تمام محنت رائیگاں جائے گی۔

نزہت سلطانہ

رومال کے تین پھول

مس زینب فاطمہ۔ لکھیم پور

دوپٹہ رنگنے کی ترکیب

دوپٹہ کو پہلے کلف دے کر اچھی طرح نچوڑ لیجئے پھر اس کی سب شکنیں مٹا دیجئے اور بغیر سُکھائے لمبان سے چار تہہ کر لیجئے اب رنگ علیحدہ علیحدہ برتنوں میں گھول لیجئے۔ اور تھوڑا تھوڑا گوند بھی ڈال دیجئے تاکہ رنگ پھیلنے نہ پائے۔ سبز اور فیروزی رنگ میں تھوڑی سی پسی ہوئی پھٹکری ڈال لیجئے اور ایک چار انگل کا چوڑا فیتہ سی لیجئے لیکن ذرا ڈبل ہونا چاہئے اور سب رنگوں میں تھوڑی تھوڑی سی روئی ڈال دیجئے۔ بادامی پٹی فیتہ سے رنگی جائے گی بقیہ سب روئی سے رنگی جائینگی اب ایک تختہ پر موٹا کپڑا بچھایئے۔ تہہ کئے ہوئے دوپٹہ کو اس پر رکھئے۔ نقشہ کے مطابق رنگ لگائیے۔ جب پورا دوپٹہ رنگ جائے تو اس کو ہاتھوں پر سکھا لیجئے پھر تخت پر بچھا کر برابر کر لیجئے۔ اب ایک بانس کی تیلی لے کر چاقو سے اس کی نوک گول کر لیجئے اس کے بعد جب نقشہ بوند دیجئے۔ سوکھنے پر باریک چُن لیجئے اگر دل چاہے تو گوٹہ لگا لیجئے۔

آسیہ خاتون

خانے دار دوپٹہ

ترکیب:- ہلکا گلابی کلف دے کر رنگئے۔ سوکھ جانے پر تھوڑا سا دھانی رنگ اور اودا گھول لیجئے۔ لمبی لمبی دو دھجیاں دونوں رنگوں میں ڈبو دیجئے اور دوپٹہ کو نرچھا کر کے اطراف دھانی لکیر ڈالئے اور درمیان اودی اسی طرح تین دھاریاں ایک ایک بالشت پر ڈالئے دیکھئے نقشہ نمبر (۱) اب دوسرے سرے سے پہلے ہی کی مانند رنگئے۔ جب خشک ہوجائے چن کر اور گوٹہ ٹانک کر اوڑھئے۔

نوٹ:- ان رنگوں کے بجائے حسب پسند رنگ بھی رنگ سکتی ہیں اور دھانی رنگ میں کھڑکی یا لیموں ڈالئے۔ اگر دل چاہے تو دوپٹہ میں ابرک ڈال لیجئے۔ اچھا معلوم ہو تو نمبر (۱) ہی کی طرح رنگ کر اوڑھئے اپنی طرز پر یہ بھی بھلا معلوم ہوتا ہے۔

نمبر (۱)

مکمل دوپٹہ

رضیہ سجاد۔ اعظم گڈھ

کروشیا کا کام

شعر

ق۔ب۔ بنت شمس الدین

بوقت تنگدستی آشنا بیگانہ می گردد ؛ صراحی چوں شود خالی جدا پیمانہ می گردد

قطعہ

ق - ب بنت شمس الدین - بنارس

بلغ العلیٰ بکمالہ   کشف الدجیٰ بجمالہ   حسنت جمیع خصالہ   صلوا علیہ و آلہ

(غیر مطبوعہ کتاب کے دو ورق)

ربن کا کام دنیا کی حسین ترین دستکاری ہے۔ اگر احتیاط سے بنایا جائے تو پائدار بھی کافی ہوتا ہے۔ اس کے تیار شدہ گل بوٹے قدرتی گل بوٹوں کی ہوبہو شکل ہیں۔ ربن کے کام کا بنانا زیادہ دشوار تو نہیں لیکن سیکھنے اور سمجھنے کی ضرورت ہے۔ ربن متعدد اقسام اور رنگوں کی ہوتی ہے۔ کام بناتے وقت ربن کی خریداری میں بہت غور کی ضرورت ہے۔ دوسرے ربن کے ہمرنگ تاگہ ہونا بھی لازمی ہے۔ ربن کا کام دو طرح سے بنتا ہے ایک تو ربن سوئی میں پرو کر کاڑھتے ہیں اور ایک نقش پر ربن رکھ کر اور موڑ کر دوسرے سوئی تاگے سے ٹانکتے ہیں دونوں کام اپنی اپنی وضع پر حد درجہ خوشنما اور کارآمد ہیں۔ پھول اور پتے بنانے کے لئے ربن مختلف قسم کا ہوتا ہے۔ پہلے آپ ربن کی شکلوں کے متعلق کچھ سمجھ لیجئے۔ ربن خریدنے کا سلیقہ آجانے پر پھر کاڑھنا سیکھنا چاہیئے۔ پتیاں مندرجہ ذیل ربن مندرجہ ذیل سے بنیں گی۔

ان تینوں پتوں کے بنانے کے لئے نقشہ کے مطابق چوڑان کا ربن کافی ہوگا۔

مندرجہ بالا کلیوں اور پھولوں کے لئے اتنا اتنا چوڑا ربن مناسب ہوگا

ربن

ربن

ربن

یعنی تینوں سائز کے ربن سے پھول اور کلیاں بن سکیں گی۔ اس کے علاوہ ربن دوگرہ تک چوڑا اور ایک چاول کی برابر تک پتلا ہوتا ہے۔ بعض ربن بہت موٹے اور کلف دار ہوتے ہیں۔ اور بعض ہلکے پھولے پھولے۔ موٹے اور کلف دار ربن پر تو کام کسی اور چیز کا بنایا جاتا ہے یا چھوٹے سائز کی ربن سے فیتہ وغیرہ بناتے ہیں لیکن حسب نقشہ سائز کے پھولے پھولے ہلکے ربن گل و برگ بنانے کے کام آتے ہیں۔ ربن تھان کے حساب سے آتی ہے اس کا بنڈل ۲۴ گز۔ ۱۲ گز اور ۸ گز کا ہوتا ہے اور مختلف قیمتوں کا آتا ہے۔ ربن کا کام بناتے وقت تاگہ ہمرنگ ربن اور سوئی نمبر ۹ ضرور لیجئے۔ ربن سے کاڑھنے کی سوئی الگ ہوتی ہے یہ سوئیاں بھی دو قسم کی ہوتی ہیں سیلولائڈ اور لوہے کی۔

سیلولائڈ کی سوئی سستی ہوتی ہے اور لوہے کی سوئیاں مہنگی مگر زیادہ کارآمد لوہے کی سوئیاں ہی ہوتی ہیں۔ ربن اور سوئی ہر شہر میں دستکاری اور جنرل مرچنٹ کی دوکان سے خریدی جا سکتی ہیں ربن خریدتے وقت یہ خیال رہے کہ ربن بہت پتلا جھرجھرہ نہ ہو۔ ذرا دبیز پھولا پھولا یعنی جارجٹ کی سی وضع کا عمدہ ہوتا ہے رنگ ہمیشہ شیڈدار اور تازے خریدیں۔

سوئی میں پرو کر ربن سے کاڑھنے کا طریقہ

ربن کی سوئی میں ربن پرو کر پتی کے نچلے سرے سے ذرا ترچھا پتی کے کنارے پر لیجا کر نکال لیجئے دیکھئے ابتدائی نقشہ۔ اب ربن کے اس کنارے کو جو پتی پر پہلا ٹانکا ہوا انگلی سے ذرا

دبا لیجئے یا سینے کی سوئی تاگے سے ٹانکہ لگا کر مضبوط کر دیجئے، اب دوسرا ٹانکہ اوپر سے نیچے کی طرف لیجئے دیکھئے شکل نمبر ۲ پے در پے اسی طریقہ سے کاڑھ کر پتی تمام کیجئے۔

ربن کو سوئی میں پرو کر پتی کے نچلے سرے سے اوپر کو نکالو۔ پتی کے کنارے پر اتنے فاصلے سے اب دوسرا کر پھر نیچے سے اسی جگہ ٹانکہ لو ایسی شکل بن جائے گی۔ .... دوسرا ٹانکہ اس کے اوپر لو دیکھو دوسری شکل اب سلسلہ وار بناتی جاؤ۔ بعد تیاری دیکھئے شکل مکمل پتی اس پتی کے اندر سلمہ کی نسیں بنا لیجئے اور کناروں پر ستارہ لگاتی جائیے یا اندر کی نسیں ڈی ایم سی سے کاڑھ لیجئے۔

نمبر ۱

نمبر ۲

اب پھول کاڑھئے اوّل پھول بنانے والی ربن سوئی میں پرو کر پنکھڑی کے نچلے سرے سے اوپر کو ڈال کر نیچے سے دوسرا ٹانکہ دوسری پتی پر نکال لیجئے۔ پنکھڑی کے اوپر جا کر ربن ذرا سُکڑ جائے گا اس کو چٹکی سے دبا دیجئے۔ دیکھئے شکل۔ اگر پتی کم چوڑی ہے تو ایک ہی ٹانکہ کافی ہوگا۔ اگر زیادہ چوڑی ہے تو ہر پنکھڑی پر دو دو ٹانکے لے لیجئے۔ اگر کنارے ربن کے اٹھے ہوئے ہوں اور چٹکی سے نہ دبیں تو دوسری

سوئی میں ہم رنگ تاگہ پرو کر باریک ٹانکوں سے جما لیجئے۔ کلیاں بھی اسی ترکیب سے کاڑھی جائیں گی۔

ربن ٹانک کر پھول پتے بنانے کا طریقہ

پتی کے کنارے پر مطابق نقشہ نمبر ۱ ربن رکھ کر دوسری سوئی سے جس میں ربن کے ہمرنگ تاگہ پرو لیا گیا ہو ایک ٹانکہ لگا کر ربن کو مقام ب یعنی پتی کے کنارے پر ذرا جھکا لے جائیے اور ایک ٹانکہ لگا دیجئے۔ اب ربن کو موڑ کر نیچے واپس لائیے اور مطابق نقشہ نمبر ۲ نیچے کو ٹانکہ مار دیجئے پھر اوپر لے جائیے اور جہاں پہلے ربن ٹانکا ہے وہاں سے قدرے اور بنا کر پھر ٹانکہ لگائیے اور نیچے واپس لاکر پھر ٹانکہ لگا کر پھر ٹانکہ لگائیے اور سلسلہ وار اسی طریقہ سے ٹانکتی جائیے دیکھئے نمبر ۳۔ ربن پاس پاس ٹانکا جائے اور ٹانکے نیچے کی طرف ہونے چاہئیں۔ پتی تیار ہے اب پھول بنائیے۔ مطابق نقشہ نمبر ۱ گول دائرہ بنا لیجئے اور اندر کے چھوٹے حلقہ کو حد مقرر کیجئے اور اس حد پر ربن کا سرا سوئی سے ٹانک کر اوپر کے حلقہ کے کنارے پر لے جائیے

اور وہاں ایک لمبا ٹانکہ لگائیے اس طرح کہ پوری ربن کی چوڑان پر لگے مگر باہر نظر نہ آئے اب نیچے کو ربن واپس لاکر چھوٹے حلقے پر ذرا جھول سا دے کر ٹانکہ لگا لیجئے۔ اور پھر اوپر لائیے۔ اسی طرح بنائی جائیے دیکھئے نمبر ۲ اور مکمل پھول نمبر ۳۔ نمبر ۴۔ نمبر ۵۔

یہ پھول بہت خوبصورت اور آسان ہے۔

غدیر فاطمہ

اطلاع اختتام سال

جن بہنوں کا سال خریداری اس دسمبر کے پرچے کے ساتھ ختم ہوتا ہے ان کے خریداری نمبر یہ ہیں۔

۳۸۹ - ۴۰۸ - ۴۳۹ - ۴۳۲ - ۵۶۳ - ۶۴۴ - ۶۶۶ - ۶۷۴ - ۶۲۶ - ۷۳۱ - ۷۴۹ - ۱۰۴۹ - ۱۴۲۸ - ۱۴۴۰ - ۱۴۴۱ - ۱۴۴۲ -
۱۴۴۳ - ۱۴۴۶ - ۱۴۷۳ - ۱۵۰۴ - ۱۵۰۷ - ۱۶۳۰ - ۱۶۴۳ - ۱۸۰۷ - ۱۸۴۳ - ۲۰۲۶ - ۲۰۳۲ - ۲۱۹۶ - ۲۲۷۴ -
۲۳۱۹ - ۲۳۹۶ - ۲۴۶۱ - ۲۷۲۰ - ۲۹۹۴ - ۳۱۱۱ - ۳۱۴۵ - ۳۱۴۶ - ۳۱۵۱ - ۳۱۶۲ - ۳۲۰۶ - ۳۲۶۶ -
۳۳۳۰ - ۳۳۶۳ - ۳۴۱۲ - ۳۴۶۱ - ۳۶۷۶ - ۳۹۵۷ - ۳۹۶۶ - ۳۹۶۹ - ۳۹۸۷ - ۳۹۸۸ - ۳۹۹۲ -
۳۹۹۳ - ۴۰۱۳ - ۴۰۲۷ - ۴۰۳۱ - ۴۰۳۴ - ۴۰۵۷ - ۴۰۶۵ - ۴۰۸۳ - ۴۱۴۱ - ۴۱۴۴ - ۴۵۸۳ - ۴۶۰۶ -
۴۷۴۱ - ۴۷۶۱ - ۴۸۰۲ - ۴۸۱۳ - ۴۸۲۳ - ۴۸۳۷ - ۴۸۵۱ - ۴۸۶۱ - ۴۸۸۰ - ۴۸۸۱ - ۴۹۰۵ - ۴۹۰۷ -
۴۹۱۳ تا ۴۹۱۵ - ۴۹۲۳ - ۴۹۲۶ - ۴۹۳۰ - ۴۹۳۴ - ۴۹۴۵ - ۴۹۴۷ - ۴۹۴۸ - ۴۹۵۴ - ۴۹۶۳ -
۴۹۶۶ - ۴۹۶۷ - ۴۹۷۱ - ۴۹۷۵ - ۴۹۷۸ - ۴۹۹۶ - ۴۹۹۸ - ۵۰۰۰ - ۵۰۰۵ - ۵۰۰۹ - ۵۰۱۲ -
۵۰۱۴ - ۵۰۳۸ - ۵۰۵۷ - ۵۰۵۸ - ۵۱۳۹ - ۵۱۷۹ - ۵۱۸۴ - ۵۱۸۶ - ۵۲۳۹ - ۵۲۵۴ - ۵۲۸۶ -
۵۳۱۰ - ۵۳۲۷ - ۵۳۵۰ - ۵۳۵۱ - ۵۴۵۶ - ۵۵۱۵ - ۵۶۲۳ - ۵۶۴۳ - ۵۶۸۳ - ۵۷۰۵ - ۵۷۱۲ -
۵۷۱۳ تا ۵۷۱۶ - ۵۷۲۴ - ۵۷۲۵ - ۵۷۲۸ - ۵۷۳۶ - ۵۷۳۸ تا ۵۷۴۲ - ۵۷۴۶ - ۵۷۴۸ - ۵۷۴۹ -
۵۷۵۱ - ۵۷۶۱ تا ۵۷۸۱ - ۵۷۸۴ - ۵۷۹۲ تا ۵۷۹۵ - ۵۷۹۷ تا ۵۸۰۰ - ۵۸۰۷ تا ۵۸۱۰ - ۵۸۱۲ -
۵۸۱۳ - ۵۸۱۴ - ۵۸۱۷ - ۵۸۱۹ - ۵۸۲۰ - ۵۸۲۵ تا ۵۸۲۷ - ۵۸۲۹ - ۵۸۴۴ - ۵۸۴۷ - ۵۸۴۸ - ۵۸۶۵ -
۵۸۵۱ - ۵۹۰۷ - ۵۹۱۱ - ۵۹۱۵ - ۵۹۲۸ - ۵۹۵۳ - ۵۹۶۸ - ۵۹۷۴ - ۵۹۸۳ - ۵۹۹۰ - ۵۹۹۲ - ۵۹۹۳ -
۶۰۰۹ - ۶۰۶۶ - ۶۰۷۷ - ۶۱۰۶ - ۶۱۳۰ - ۶۱۵۸ - ۶۱۷۳ - ۶۲۰۳ - ۶۲۳۷ - ۶۲۴۸ - ۶۳۶۵ - ۶۳۶۶ -
۶۲۱۶ ، ۶۳۹۱ - جن بہنوں کے خریداری نمبر اوپر لکھے گئے ہیں وہ مہربانی فرماکر جلد تین روپیہ بذریعہ منی آرڈر آئندہ سال کا چندہ روانہ فرمادیں۔ کسی وجہ سے آئندہ پرچہ بند کرنا ہو تو خریداری نمبر کے حوالہ سے انکاری اطلاع دے دیں۔ ۴ جنوری تک منی آرڈر یا انکاری خط نہ ملا تو خاموشی کے معنی آئندہ سال کے لئے خریداری کی رضامندی کے ہونگے یعنی یہ سمجھا جائے گا کہ آئندہ کے لئے وی پی کا انتظار ہے لہذا جنوری کا رسالہ بھی وی پی بھیجا جائے گا۔ قدردان بہنوں سے امید ہے کہ اپنے پرچہ کو وی پی کی واپسی کا نقصان نہ پہونچائیں گی۔ **مینیجر**

سچی ہمدرد بہنیں

جوہر نسواں کی جن قدردان بہنوں نے نئے خریدار فراہم کرکے اپنے پرچہ کی مدد کی ان کے نام دلی شکریہ کے ساتھ درج ذیل کئے جاتے ہیں۔ محترمہ تحسین دلہن صاحبہ گورکھپور ۲ خریدار۔ مسز سید الطاف حسین صاحب چھاچھراں شریف ۲ خریدار جنھوں نے ایک ایک خریدار دیا:۔ مسز ایس عزیز الدین صاحب کلکتہ۔ دختر انعام علی صاحب کاکوری۔ مسز مرزا جنگ بہادر۔ رائچور مس آر صوبہ شاہ جبل پور بنت میر مہر حسین صاحب فیض پور۔ فاطمہ خاتون صاحبہ حیدرآباد دکن مس صابرہ خاتون صاحبہ منڈاور۔ مسز سید محمد اللہ قادری، بہرائچ۔ مسز محمد وکیل الدین صاحب کلکتہ۔ **مینیجر**

باورچی خانہ

ٹماٹر کا قورمہ پکانے کی ترکیب:۔ گوشت۔ آدھ سیر۔ گھی آدھ پاؤ۔ دہی آدھ پاؤ۔ ادرک ایک گرہ۔ لہسن ایک گٹھی۔ پیاز تین گٹھی۔ دھنیا۔ ایک تولہ نمک۔ حسب ذائقہ۔ کیوڑہ ۲ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔

پیاز کو گھی میں تل کر سرخ کر لیجئے۔ پھر گوشت ڈال دیجئے۔ جب سرخ ہو جائے پسا ہوا مصالحہ اور نمک ذائقہ کے بموجب ڈال دیجئے۔ دہی اور پانی ڈال کر گوشت کو گلا لیجئے۔ بھوننے کے بعد ٹماٹروں کو مل اور چھان کر ڈال دیجئے اور کیوڑہ ۲ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ حل کر کے گوشت میں ڈال دیجئے۔ قورمہ تیار ہے۔

بیگم مہدی اخلاق لکھنوی

کدو کا حلوہ:۔ کدو ڈیڑھ سیر۔ گھی ایک پاؤ۔ شکر تین پاؤ۔ دودھ آدھ سیر۔ پستہ۔ بادام۔ ایک ایک تولہ۔ کشمش ایک تولہ۔ کیوڑہ۔ زعفران۔

ترکیب:۔ اوّل کدو کو چھیل کر اندر کا بیج نکال لیجئے پھر کدو کش کر لیجئے۔ اب دودھ میں پکائیے جب دودھ خشک ہو جائے تو گھی میں لونگ کڑکڑا کر کدو بھونئے۔ جب خوشبو آنے لگے اور کنارے پر گھی چھوٹ جائے تو شکر ڈالئے۔ بعد تیاری پستہ بادام کی ہوائیاں کتر کر ہمراہ کشمش ڈال کر کیوڑہ زعفران ڈالئے۔ خوش ذائقہ اور مفید چیز ہوگی۔

مونگ کے رس گلے:۔ مونگ کی دال ۲ سیر۔ شکر ایک سیر۔ گھی حسب مرضی۔ انڈے چار عدد۔ الائچی خورد۔

ترکیب:۔ مونگ کی دال صاف کر کے بھگو دیجئے۔ جب پھول جائے تو باریک پسوا لیجئے۔ اب انڈا پھینٹ کر ملائیے اور چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنا کر گھی میں تل کر شیرہ جو پہلے سے تیار ہو اس میں ڈالتے جائیے۔ جب تیار ہو جائے تو الائچی خورد پیس کر ڈال دیجئے۔ نہایت نفیس رس گلے تیار ہوں گے۔

رضیہ سجاد غنچہ۔ اعظم گڈھ۔

گاجر کا اچار:۔ تازہ گاجریں چھیل کر پھانکیں کر کے ہلکا سا جوش دے لیں۔ نمک۔ مرچ۔ لہسن۔ رائی۔ ادرک میتھی۔ سونف ملا کر دھوپ میں کئی روز تک پڑا رہنے دو جب ترشی پیدا ہو جائے گرم پانی میں ڈال دو بعد ازاں استعمال کرو۔ زیادہ عرصہ تک رکھنا ہو تو پانی کے بجائے سرسوں کا تیل ڈالئے۔ بنت مہدی حسن

دستکار بہنوں کی محفل

میں بہت ہی خوشی کے ساتھ اپنی دستکار بہنوں کو یہ خوشخبری سناتی ہوں کہ میرے ماموں زاد بھائی احتشام الحق عمر ۴ سال (ابن کپتان، ڈاکٹر سراج الحق آئی ایم ایس جو مصر میں سرکاری خدمت پر مامور ہیں) کا ۲۹ اکتوبر ۱۹۴۱ء کو مکتب بخیر و خوبی انجام پایا۔ جوہری بہنوں سے استدعا ہے کہ وہ خدائے عز و جل سے اس کی ترقی کی دعا کریں اور کوئی بہن اس کی خوشی میں ایک نظم لکھ کر جوہر نسواں میں شائع کر دیں۔ اس خوشی میں دو خریدار دیتی ہوں۔

زہرہ بنت مسٹر علی حسن۔ پٹنہ

مجھے ٹی کوزی اور خوان پوش کے اشعار کی ضرورت ہے برائے مہربانی کوئی بہن بذریعہ جوہر نسواں اشعار لکھ کر ممنون فرمائیں۔ نیز عمدہ قسم کی پڈنگ معہ ترکیب اور صحیح وزن کی درکار ہے کوئی بہن توجہ فرمائیں۔ جوہر نسواں کو ایک خریدار دیتی ہوں بذریعہ وی پی جوہر نسواں وی پی بھیجدیں وی پی انشاء اللہ وصول کر لی جائے گی۔

فاصلہ خاتون۔ آگرہ

مجھے دوپیازہ گوشت پکانے کی عمدہ ترکیب مطلوب ہے کوئی بہن ازراہ کرم بذریعہ جوہر نسواں واضح کریں اور ساتھ ہی اوزان مصالحہ بھی تحریر کریں۔ نیز سیاہ رنگ کے کپڑے پر اگر کسی کاپی یا کتاب سے نمونہ ٹریس کرنا ہو تو کس طرح کیا جائے۔

کے بی۔ یوسف خاں اوریسیز۔ ناگپور

جوہر نسواں کیلئے نمونے اور مضامین

بھیجنے والی بہنیں مندرجہ ذیل باتوں کا خیال ضرور رکھیں ورنہ ان کے مضامین اور نمونے درج رسالہ نہ ہوں گے۔

نمونے بہت صاف اور خوب واضح مضبوط کاغذ پر روشن سیاہی سے بنائے جائیں۔ اگر پنسل سے بنائیں تو نشان خوب گہرے رکھیں تاکہ مٹ نہ جائیں۔ اور کاغذ کے صرف ایک رخ پر ہوں۔ ایک کاغذ پر صرف ایک ہی نمونہ یعنی کئی نمونے الگ الگ کاغذوں پر بنائے جائیں جس کاغذ پر نمونہ ہے اسی کاغذ پر نمونہ بھیجنے والی بہن کا نام اور نمونہ کا عنوان ضرور لکھنا چاہیئے۔ ترکیب بہت آسان ہو تاکہ بچیاں بھی سمجھ سکیں۔

نمونہ کا سائز رسالے کے سائز سے بڑا نہ ہو تو بہتر ہے۔ نمونہ کسی کتاب یا کسی رسالہ سے نقل نہ ہو۔ لیکن آپ کسی کتاب یا رسالہ کا کوئی بہت ہی خوبصورت اور عمدہ نمونہ جوہر نسواں میں شائع کرانا چاہتی ہیں تو اس رسالہ یا کتاب کا حوالہ ضرور دیں۔

نمونہ کے ساتھ نمونہ بھیجنے والی بہن کے لئے ایڈیٹر کے نام کے خط میں اپنا نام و مفصل پتہ لکھنا اشد ضروری ہے۔ جو بہنیں جوہر نسواں کے لئے مضامین بھیجیں وہ صرف دستکاری ہی کے متعلق ہوں جن نمونوں کا نقشہ کاغذ پر بنانا دشوار ہے وہ شکل اصلی مثلاً تار کشی کپڑے پر بنا کر اور ننگ یا کروشیا کے نمونے بُن کر بھیجے جا سکتے ہیں۔ جالی اور کینوس و کارپٹ کا کام بھی اصلی نمونہ بنا کر بھیجدیں بلاک بنوا لئے جائیں گے۔

جواب طلب امور یا ناپسند نمونوں کی واپسی کے لئے ۱ کا ٹکٹ یا جوابی پوسٹ کارڈ آنا ضروری ہے ورنہ جواب نہ دیا جائیگا۔

دھاگوں کی قسمیں۔ کپڑا۔ اون۔ ریشم۔ سوئی۔ موتی۔ ٹیوب غرضیکہ ہر دستکاری کے سامان کے متعلق مضامین اور کونسا دھاگہ کس کپڑے پر مناسب ہے کہاں سے عمدہ دستیاب ہوگا واضح طور پر لکھیں۔ جوہر نسواں کے تمام مضامین اور نمونوں کا کاپی رائٹ بحق جوہر نسواں محفوظ ہے۔ **ادارہ**

حضرت علامہ راشد الخیریؒ کی مشہور تصانیف

قطرات اشک

آنسوؤں کے بادشاہ حضرت علامہ راشد الخیریؒ کی افسانہ نگاری کے دور اول کے بہترین نمونے وہ مضامین جو شہرت دوام حاصل کر چکے ہیں۔ دیائے مقصود۔ بدنصیب کا لال۔ وادی قرو سارس کی تارک الوطنی عصمت و حسن۔ ساون کی چڑیاں مظلوم کی فریاد۔ نند کا خط۔ چاندنی چوک کا جنازہ جھوٹے کی یاد وغیرہ بہ وہ مضامین اداف لے ہیں جنہوں نے جادو نگار مصنف کی تحریر کے اثر کا قائل بنا دیا تھا قیمت عہ

ماہ عجم

فاروق اعظمؓ کے عہد میں سلطنت ایران پر قابو پانے کے لئے مسلمانوں سے بیشتر جنگی کارنامے۔ فرزندان ایران کا سرفروشانہ مذہبی جوش ایرانیوں کا پروانہ دار شمع وطن پر قربان ہونا اسلام اور نصرانیت کی لڑائیاں کفر و ایمان کے معرکے۔ قرون اولیٰ کے مسلمانوں کی دلولہ خیز جانبازیاں۔ جذبات لطیفہ کی حقیقت طرازیاں مشرق کے تاریخی ناولوں میں بہت ممتاز ہے۔

قیمت عہ

سنجوگ

ایک تعلیم یافتہ سلیقہ شعار لڑکی کی داستان جس کا نکاح والدین نے سوچے سمجھے کر نہ کیا اور فریقین کی طبیعتوں کا اندازہ نہ لگایا۔ بلکہ دولت و ثروت کی قربان گاہ پر لینے جگر کے ٹکڑے کو بیدردی سے ذبح کر دیا۔ اس لڑکی کو سسرال میں کیا کیا تکلیفیں پہنچیں ساس نندوں کی پابندیوں اور زیادتیوں کو کس طرح سہتی رہی۔ اور آخر کس طرح دنیا سے گئی۔ یہ واقعات معلوم ہو کر بے اختیار آنسو نکل پڑتے ہیں۔ قیمت ۱۰/

لڑکیوں کی انشا

خط و کتابت سکھانے کی اردو زبان میں بہترین کتاب جس میں خطوں کے ذریعہ لڑکیوں کو بتایا گیا ہے کہ میکہ کی زندگی انہیں کس طرح بسر کرنی چاہیئے۔ اور سسرال میں جاکر ان کی کیا ذمہ داریاں کیا ہیں۔ اس میں خاص کے قریب زنانہ خطوط ہیں۔ مگر معمولی خطوط نہیں۔ حیات انسانی کے وہ راز ہیں جن کو پڑھ کر جی چاہتا ہے کہ الفاظ کو اٹھا کر آنکھوں پر رکھ لیجیے زبان ایسی بامحاورہ کہ اردو دفتر میں انشا کی کوئی کتاب مقابلہ کر سکے ۱۲/

گوہر مقصود

یعنی خیالستان کی پری اور لال کی تلاش دو بہت مشہور قصے پہلا قصہ ملک خیالستان کی ایک پری کا ہے جو مدت تک ادھر ادھر پھرتی اور بار بار کوشش کرنے کے بعد دنیا کا بہترین تحفہ لانے میں کامیاب ہوتی ہے دوسرا قصہ ایک دکھیاری ماں کا ہے جو گمشدہ بچے کی تلاش میں جنگلوں اور پہاڑوں میں ماری ماری پھری۔ قیمت ۶/

سوکن کا جلایا

ناشاد و نامراد محمود کا افسانہ غم ایک بے گناہ لڑکی پر ساس نے سوکن لا بٹھائی اور غم نصیب مصیبت زدہ لڑکی نے ماں باپ کی لاج رکھنے کیلئے ساس کی زیادتیاں۔ شوہر مظالم غرض سب ذلتیں سہیں اور ہنس کھیل کر صبر و شکر سے برداشت کیں یہاں تک کہ ان غموں میں گھل گھل کر جان دیدی۔ قیمت ۵/

شاہین و دراج

حضرت علامہ مرحوم کا وہ معرکتہ الآرا تاریخی ناول جس نے مصنف کی سحر کاری کا بڑے بڑے ادیبوں کو قائل کر دیا تھا۔ اس میں محبت کے جذبات لطیفہ کو نہایت لطف و رنگینی سے بیان کیا ہے۔ بلحاظ زور قلم اور جذبات نگاری ناولوں میں یہ قصہ بہت نمایاں درجہ رکھتا ہے۔ قیمت ۸/

اُمّت کی مائیں رسول اکرم صلعم کی بیویوں کے مقدس حالات زندگی۔ کثرت ازدواج پر نہایت معقول بحث یہ کتاب مردوں اور عورتوں کو دین دنیا کی کامیابی کا راستہ بتاتی ہے۔ ۱۲ر

الزہرا اُردو زبان میں جگر گوشہ رسول خاتونِ جنت حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا کی بہترین سوانحعمری جو بتاتی ہے کہ میاں بیوی کو کس طرح رہنا چاہیے اور بچوں کی پرورش کس طرح کرنی چاہیے۔ دُنیا کے ساتھ دین کس طرح میسر آتا ہے۔ آخر میں واقعہ کربلا کا مختصر بیان۔ نو دفعہ چھپی ہے عہر

وداعِ خاتون مشہور ادیبہ محترمہ خاتونِ اکرم کی جوانمرگی پر قدر دان خسر کے آنسو۔ یہ کتاب بتائیگی بہو کسے کہتے ہیں۔ ۵

قلبِ حزیں دلاویز چھوٹے چھوٹے لطیف ادبی مضامین نثر میں حضرت علامہ مغفور کی شاعری کی ہے۔ ۸ر

وداعِ ظفر (باتصویر) یا نوبت پنجروزہ بہادر شاہ بادشاہ دلی کے آخری پانچ جشن، ستر سال پہلے کی دلی کی جھلک قلعہ کی بہاریں شاہی جمگھٹے میلوں ٹھیلوں کے رنگ غدر ۱۸۵۷ء کے واقعات مخبروں کا ظلم مظلوموں کی حالت زار۔ مردوں کی پریشانی عورتوں کی تباہی۔ اور بادشاہ کے پیہم مصائب۔ ناممکن ہے آپ آنسو بہائے بغیر پڑھ سکیں۔ ۸ر

امین کا دمِ واپسیں شہنشاہ ہارون الرشید اور ملکہ زبیدہ خاتون کے لختِ جگر شہزادہ امین الرشید کے دردناک قتل کے حالات پھر مصورِ غم کے قلم سے! ۴ر

تاریخی ناول

(جو شادی شدہ خواتین مطالعہ کرسکتی ہیں مگر کنواری بچیاں نہ منگائیں)

یاسمینِ شام امیرالمومنین حضرت عمر فاروق کے زمانہ خلافت کی اسلامی لڑائیاں یرموک، انطاکیہ، بیت المقدس وغیرہ کی لڑائیاں وہ تھیں جن میں مسلمان عورتوں نے دشمنوں کے دانت کھٹے کر دیے تھے۔ ۱۴ر

عروسِ کربلا کربلا کا واقعہ یوں ہی کچھ کم دردانگیز نہیں اس پر مصورِ غم رحمۃ اللہ علیہ کے قلم نے قیامت ڈھادی ہے بلحاظ درد و اثر مصنف کے تاریخی ناولوں میں بہت ممتاز ہے۔ اکثر جگہ ہچکی بندھ جاتی ہے۔ ۴ر

محبوبۂ خداوند شمالی افریقہ کے مسلمانوں نے خلیفہ سوم کے زمانہ میں عیسائیوں کی ٹڈی دل فوج پر کس طرح فتح پائی ۱۲ر

اندلس کی شہزادی مسلمانوں کے زمانہ کے اسپین کا دلاویز محبت کا افسانہ۔ ۸ر

دُرِّ شہوار ایران، مازندران سیستان کی ہولناک لڑائیوں کا مرقع۔ ۸ر

منظرِ طرابلس تسخیر طرابلس کے لئے مسلمانوں کا جوش ایمانی حضرت زبیر ابن عوام کی بےمثل شجاعت اور ایثار۔ محبت کے آتشکدہ میں بےگناہ لڑکی کی قربانی۔ ۵ر

شہیدِ مغرب طرابلس مراکش میں مسلمانوں اور عیسائیوں کے مقابلے مسلمان عورتوں کے ناموس اسلام پر قربانیاں۔ ہندوستان میں شدھی اور ارتداد کا اثر۔ عہر

سودائے نقد یہ تاریخی نہیں مگر محبت کا افسانہ ہے جس سے معلوم ہوگا کہ جوان بیٹی کی شادی نہ کرنا سوسائٹی پر کیا اثر ڈالتا ہے۔ حقیقی ماں کے ہاتھوں جوان بیٹے کا قتل۔ ۵ر

شہنشاہ کا فیصلہ عہد عباسی کے بغداد کا دلچسپ افسانہ۔ ایک شخص اپنی بیوی کا نکاح ایک اور شخص سے کرتا ہے ایک مصیبت زدہ ماں کا بیگناہ بچہ واجب القتل ٹھیرتا ہے۔ ۴ر

تیغِ کمال ترکوں اور اتحادیوں کی ہولناک اور خونریز لڑائیاں مصطفٰے کمال پاشا کے حیرت انگیز کارنامے اور ترکی جدید کی بنیاد۔ عہر

تکلی نما بناوٹ ترکیب صفحہ ۷۱ پر دیکھئے

مردانہ سوئیٹر کی خوبصورت بناوٹ ترکیب صفحہ ۱۸ پر دیکھئے